ہدایت نامہ مقابلۂ مضمون نویسی برائے طلبہ و طالبات

(مقابلہ انشاء کی تفصیلات)

۱۔ مضمون کا موضوع ہوگا: ’’ہمارے معاشرے میں بڑھتی ہوئی مہنگائی کے اسباب اور ان کا تدارک‘‘۔ مضمون کم از کم ۱۲۰۰ الفاظ اور زیادہ سے زیادہ ۱۵۰۰ الفاظ پر مشتمل ہو۔

۲۔ مضمون صاف اور خوش خط لکھا ہو یا ٹائپ شدہ ہو۔ ہر صفحہ کے ایک طرف حاشیہ چھوڑا جائے۔ مضمون کے ساتھ امیدوار اپنا نام، والد کا نام، مکمل پتہ، فون نمبر اور تعلیمی ادارے کا نام واضح طور پر لکھے۔

۳۔ مضمون کی جانچ کے لیے تین ججوں پر مشتمل ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی۔ کمیٹی کے فیصلے کو حتمی تسلیم کیا جائے گا۔ کسی بھی قسم کی خط و کتابت یا اعتراض پر غور نہیں کیا جائے گا۔

۴۔ مضمون کی وصولی کی آخری تاریخ ۱۵ جون ۲۰۲۱ء ہے۔ اس کے بعد موصول ہونے والے مضامین پر غور نہیں کیا جائے گا۔ مضمون ڈاک کے ذریعے بھیجا جائے تو لفافے پر ’’مقابلہ انشاء‘‘ لکھا ہو۔

۵۔ پہلا انعام ۱۵ ہزار روپے، دوسرا انعام ۱۰ ہزار روپے اور تیسرا انعام ۷ ہزار روپے ہے۔ اس کے علاوہ ۵ حوصلہ افزائی انعامات ۳ ہزار روپے فی کس ہیں۔ انعامات کی تقریب تقسیم ۲۰ جولائی کو ہوگی۔

۶۔ منتظمین کو اختیار ہے کہ وہ کسی مضمون کو مقابلے سے خارج کر دیں اگر وہ ہدایات کی خلاف ورزی کرتا ہو۔ ایسے مضمون کی کوئی وجہ بتانا ضروری نہیں۔

۷۔ منتخب مضامین کے حقوق اشاعت منتظمین کے پاس محفوظ ہوں گے۔ مضمون نگار کو اپنے مضمون کی ایک فوٹو کاپی اپنے پاس رکھنی چاہیے۔

۸۔ مضمون کی جانچ کے دوران کسی امیدوار کو کمیٹی کے کسی رکن سے ذاتی یا فون پر رابطہ کرنے کی اجازت نہیں ہوگی۔

ہمارے ضلع کے بہترین اساتذہ کا اعزاز

ضلع کونسل کی جانب سے ہر سال یوم اساتذہ پر بہترین اساتذہ کو اعزازات دیے جاتے ہیں۔ اس سال ۵ اساتذہ کو ان کی خدمات کے اعتراف میں اعزازات دیے گئے۔ تقریب ۵ اکتوبر کو ہوئ